رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ جہاں بانی

از : طالب ہاشمی

ناشر : صدیقی ٹرسٹ (رجسٹرڈ) نسیم پلازا۔ چوک لسبیلہ۔ نشتر روڈ۔ کراچی ۵

صفحات ۵۰ قیمت۔ ایک روپیہ پچاس پیسے

یہ ایک چھوٹا سا رسالہ ہے جو پاکستان کے مشہور اہلِ قلم جناب طالب ہاشمی صاحب کا تحریر کردہ ہے۔ اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات و سوانح اختصار کے ساتھ بہترین اسلوب میں قلم بند کیے گئے ہیں۔ آنحضرت کی بعثت، ہجرت، غزوات، بہادری، شجاعت، اندازِ تبلیغ، حسنِ اخلاق، عدل و انصاف، اخوت و مساوات، امر بالمعروف و نہی عن المنکر، فوج اور عسکری مہمات، حکام و ولاۃ اور دوسرے عہدے داروں کا تقرر، احتساب، داخلی اور خارجی حکمتِ عملی، غیر مسلموں سے معاہدے وغیرہ تمام چیزیں معرضِ بیان میں آگئی ہیں۔

طائف، ظلمت سے نور تک

از : طالب ہاشمی

ناشر : صدیقی ٹرسٹ، نسیم پلازا۔ نشتر روڈ۔ چوک لسبیلہ۔ کراچی ۵

صفحات ۶۰۔ قیمت دو روپے

یہ بھی جناب طالب ہاشمی صاحب کی تصنیف ہے۔ طائف ارضِ حجاز کا ایک مشہور شہر ہے، جو مکہ مکرمہ سے جنوب مشرق کی طرف پچاس میل کے فاصلے پر سلسلۂ کوہ سراۃ کی سطحِ مرتفع پر واقع ہے۔ اپنی بعض خصوصیات کی وجہ سے اس شہر کو ہمیشہ خاص اہمیت حاصل رہی۔ یہ سرسبز و شاداب مقام ہے اور اس کی آب و ہوا بہت خوش گوار ہے۔ اس رسالے میں لائق مصنف نے اس کی پوری تاریخ بیان کردی ہے۔ زمانۂ جاہلیت میں اس کی کیا حیثیت تھی اور دورِ اسلام میں اس کے باشندوں نے کیا کارنامے انجام دیے، یہ سب باتیں اس کتاب میں وضاحت سے بیان کی گئی ہیں۔ زبان اور طریقِ تحریر جاذب اور دلکش ہے۔